© rasailojaraid.com


کریں گے کہ جس عنوان، جس نظام، جس منشور اور جس جھنڈے سے تلے تم لوگ جس سرزمین میں اسلامی شریعت کی قلمیں لگانے کی مہم چلا رہے ہو وہ بڑی سخت ہے اور سیم و تھور زدہ بھی، معاشرہ سراسر غیر اسلامی ہے، اکثریت بے دینوں ملحدوں، مفاد پرستوں اور دنیا داروں کی ہے اس لیے اس مشن میں مزاحمت بھی شدید بلکہ شدید تر ہوگی۔

اکتوبر تک کے قلیل ترین عرصہ مہلت میں اب دیکھنا یہ ہے اس شور زدہ اور سخت زمین میں بیج بونے اور اس کے بار آور ہونے کے لیے کیسے سازگار بنایا جا سکتا ہے؟ دینی کی قیادت کے لیے یہ بہت بڑا چیلنج ہے۔ اس کے لیے بڑی حکمت بڑے حوصلہ، قوتِ فیصلہ اور تدبر کے ساتھ واضح، بے غبار اور مثبت حکمتِ عملی کی ضرورت ہے ہماری اور تمام اسلامیان پاکستان کی دل کی دھڑکنیں تمہارے ساتھ ہیں خدا لئے حی و قیوم د تمہارا حامی و ناصر ہو۔ (عبدالقیوم حقانی)

## قارئین "الحق" سے ضروری گذارش

ماہنامہ "الحق" کے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نمبر کی اشاعت پر بہت سے قارئین اس انتظار میں ہیں کہ انہیں یہ نمبر معمول کے خریداری چندہ کے عوض میں بھیج دیا جائے گا، بعض حضرات کے خطوط آتے ہیں کہ انہیں اب تک یہ نمبر کیوں وی۔ پی نہ بھیجا جا سکا۔ بہت دوستوں کو یہ شکایت بھی ہے کہ مستقل خریدار ہونے کے ناطے انہیں ۲۰۰ روپے میں کیوں دیا جا رہا ہے ——— لہٰذا گذارش یہ ہے ۱۲۲۵ صفحات کی یہ ضخیم خصوصی اشاعت جس پر ادارہ کا ساڑھے تین لاکھ روپیہ خرچ آیا ہے۔ تجارتی اشاعتی اداروں کے اصول کے مطابق فی نسخہ ۹۰۰ روپے قیمت ہونی چاہیئے مگر ادارہ نے اپنے مستقل قارئین کو اصل لاگت سے بھی کم صرف ۲۰۰ روپیہ میں یہ عظیم تاریخی دستاویز مہیا کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اور ڈاک خرچہ بھی اپنے ذمہ لیا ہے۔ لہٰذا اپنے تمام قارئین سے یہی گذارش ہے کہ وہ بذریعہ منی آرڈر واجبی قیمت ناظم الحق کے نام بھیج دیں اور کوپن پر اپنا صاف پتہ تحریر فرما دیں تاکہ خصوصی اشاعت بھیجی جا سکے۔ آرڈر میں تاخیر دوسرے ایڈیشن کے انتظار کا باعث بھی ہو سکتی ہے۔

(ادارہ)


© rasailojaraid.com